ڈپٹی رجسٹرار، پی۔آر۔پی،
زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔

**بعنوان: نوٹس برائے نیلامی گندم کا بھوسہ (توڑی)**

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے پارس فارم پر بھوسہ گندم (توڑی) کی 16 عدد دھڑیں جن کا وزن تقریباً 2884.5 من بنتا ہے کا نیلام عام پارس فارم، جھنگ روڈ، فیصل آباد پر مورخہ 14 جنوری 2021 بروز جمعرات بوقت **10:00 بجے صبح** کیا جائے گا۔

**بولی میں شرکت کے خواہشمند افراد درج ذیل شرائط و ضوابط کے تحت نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں:۔**

1۔ بولی سے قبل شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرنا لازم ہوگا۔
2۔ بولی سے قبل مبلغ -/50,000 روپے بطور زرِ ضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔
3۔ کامیاب بولی دھندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد وصول کی جائے گی۔ آفیسر/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد تمام واجبات و ٹیکس وصولی کے بعد نیلام کی گئی فصل/ اجناس لے جانے کی اجازت ہوگی اور فصل میں گاڑی وغیرہ لے کر جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
4۔ کامیاب بولی دھندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ انکم ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔
5۔ فارم پر بھوسہ گندم (توڑی) کی دھڑیں موقع پر دیکھ کر جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام ہوں گی بعد میں کوئی کلیم نہیں ہوگا اور 30-03-2021 تک رقبہ خالی کرنا ہوگا۔
6۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور کرونا وائرس احتیاطی تدابیر لازمی ہے۔

**نوٹ: پہلی نیلامی کی تاریخ میں بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مورخہ 19.01.2021 بروز منگل بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی اگر پھر بھی بولی کامیاب منعقد نہ ہوئی تو یہی بولی دوبارہ پھر 26-01-2021 بروز منگل بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی**

**برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز میں مشتہر کردیں۔**

Imran Khan

**ڈاکٹر عمران خان، سپرنٹنڈنٹ فارم، پارس فارم**

**ڈائریکٹوریٹ آف فارمز جامعہ زرعیہ، فیصل آباد۔**

**فون نمبر: 041-9201203**

PARS NO-212-217
Dated-23-12-2020

**کاپی برائے اطلاع و مناسب کارروائی:۔**

1۔ لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر/ ممبر آکشن کمیٹی۔
2۔ اسرار احمد باجوہ، ایڈمن آفیسر (پری آڈٹ)/ ممبر آکشن کمیٹی۔
3۔ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول (DPIC)، سے درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس PPRA ویب سائٹ پر مشتہر کروا دیں۔
4۔ ڈائریکٹر آئی۔ٹی (I.T)، سے درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس یونیورسٹی ویب سائٹ پر مشتہر کروا دیں۔
5۔ پی۔اے ٹو ڈائریکٹر فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔

ment & Inventory Co...
2919
-12-2020

Scanned with CamScanner